## درخواست فارم برائے گرانٹ

**1000 انڈسٹریل سٹیچنگ یونٹس (ISUs) فیز II**

**سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائززڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کا منصوبہ**

**وزارت صنعت و پیداوار**

**حکومت پاکستان**

**جمع کروانے کی تاریخ** ............................................................

**رجسٹریشن نمبر** ............................................................

### درخواست گزار کے لئے اہم معلومات اور ہدایات:

1۔ تمام متعلقہ حصوں میں مطلوبہ ضروری معلومات فراہم کریں۔ متعلقہ دستاویزات کے بغیر/ نامکمل فارم اور آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والے درخواست فارم ناقابلِ قبول ہوں گے۔

2۔ درخواست دہندہ اپنے شناختی کارڈ پر جاری کردہ 100 روپے کے اسٹیمپ پیپر پر حلف نامہ/ ڈیکلریشن (ضمیمہ۔اے) فراہم کرے گا۔

3۔ گرانٹ کیلئے درخواست کی منظوری یا مسترد کرنا پراجیکٹ کی اپنی صوابدید پر ہے اور یہ پراجیکٹ ناکام درخواستوں کی وجوہات ظاہر کرنے کا ذمہ دار نہیں ہے۔

4۔ درخواست فارم کو پُر کرنے میں معاونت کے لئے سمیڈا ریجنل دفاتر میں موجود مانیٹرنگ آفیسرز سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

مانیٹرنگ آفیسر، لاہور.....موبائل فون نمبر: 0305-2194558 ...... ای میل: arshad.isu@smeda.org.pk

مانیٹرنگ آفیسر، کراچی.....موبائل فون نمبر: 0333-7006181 ...... ای میل: wazeer.isu@smeda.org.pk

مانیٹرنگ آفیسر، پشاور.....موبائل فون نمبر: 0323-5894602 ...... ای میل: ahmed.isu@smeda.org.pk

مانیٹرنگ آفیسر، کوئٹہ..... موبائل فون نمبر: 0331-8363848 ...... ای میل: sanaullah.isu@smeda.org.pk

پُر کی گئی درخواستیں درخواست گزار کے دستخط اور منسلک دستاویزات کے ساتھ ذاتی طور پر یا رجسٹرڈ ڈاک/ کوریئر کے ذریعے نیچے دیئے گئے پتہ پر جمع کروائی جاسکتی ہیں۔


**پراجیکٹ ڈائریکٹر ISUs**

سمیڈا ہیڈ آفس، بلڈنگ نمبر 3، 4th فلور،

ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

فون نمبر: 042-111-111-456

ای میل: razam@smeda.org.pk

## اے۔ ذاتی معلومات:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | درخواست گزار کا نام: | | | |
| 2 | جنس: مرد ☐ عورت ☐ دیگر ☐ | | | |
| 3 | درخواست گزار کا شناختی کارڈ نمبر: | | | فوٹو چسپاں کریں |
| 4 | والد/شوہر کا نام: | | | |
| 5 | کاروبار کا نام: | | | |
| 6 | کاروبار کا پتہ: | | | |
| 7 | شہر: | صوبہ: | | |
| 8 | ای میل ایڈریس: | موبائل نمبر: | | |

## بی۔ کاروباری معلومات:

| | |
|---|---|
| 1 | برآمد کنندہ کی اقسام **(Type of Exporter)**<br>☐ موجودہ برآمد کنندہ Existing Exporter<br>☐ ممکنہ برآمد کنندہ Potential Exporter<br>☐ نئے برآمد کنندہ Startup Exporter |
| 2 | کاروبار کی قسم: فرد واحد کا کاروبار ☐ پارٹنرشپ ☐ کمپنی ☐ |
| 3 | کاروبار کی نوعیت: (ٹیکسٹائل ایکسپورٹ سے متعلقہ)<br>سیکٹر: i ۔ ______________ ii ۔ ______________ iii۔ ______________<br>مصنوعات: i ۔ ______________ ii ۔ ______________ iii۔ ______________ iv۔ ______________ |
| 4 | سٹیچنگ یونٹ کیلئے دستیاب/مجوزہ جگہ<br>ذاتی ملکیت ☐ کرایہ کی جگہ ☐ دیگر ☐ |

سی۔ گرانٹ کے تحت دستیاب مشینوں کی فہرست:

| نمبر شمار | مندرجات | درخواست گزار کی طرف سے طلب کردہ تعداد |
|---|---|---|
| 1 | لاک سٹیچ مشین (سنگل ، ڈبل نیڈل) | |
| 2 | پاکٹ ویلٹنگ مشین | |
| 3 | پاکٹ سیٹنگ مشین | |
| 4 | فیڈ آف دی آرم مشین | |
| 5 | ایلاسٹک اٹیچنگ مشین | |
| 6 | اوورلاک مشین (4، 5 دھاگوں والی) | |
| 7 | فلیٹ لاک مشین | |
| 8 | بٹن ہولنگ مشین | |
| 9 | بٹن اٹیچنگ مشین | |
| 10 | کور سٹیچ مشین | |
| 11 | چین سٹیچ مشین | |
| 12 | فیبرک کٹر | |
| 13 | گارمنٹس پریسنگ سسٹم | |
| 14 | فیوزنگ مشین | |
| 15 | ایمبرائیڈری مشین | |
| 16 | سنیپ بٹن مشین | |
| 17 | ٹیپ کٹنگ مشین | |
| 18 | پوسٹ بیڈ مشین | |
| 19 | ایج کٹنگ مشین | |
| 20 | بوٹم ہیم مشین | |
| 21 | بار۔ٹیک مشین | |
| 22 | لوپ میکنگ مشین | |
| 23 | ویسٹ بیلٹ مشین | |
| 24 | آئی لیٹ بٹن ہول مشین | |
| | کوئی اور (برائے مہربانی وضاحت کریں) | |

## ڈی۔ دستاویز کی جانچ پڑتال

مندرجہ ذیل دستاویزات درخواست گرانٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جانی چاہئیں۔

**موجودہ برآمد کنندہ درخواست گزار (Existing Exporter Applicant)**

| |
|---|
| شناختی کارڈ کی کاپی (درخواست دہندہ پاکستان کا شہری ہو، بشمول آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور نئے ضم شدہ اضلاع) |
| کمپنی/کاروبار کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی کاپی (رجسٹرار آف فرمز، ایف بی آر، ایس ای سی پی، چیمبر/ایکسپورٹ ایسوسی ایشن سے رجسٹریشن) |
| NTN اور STRN سرٹیفکیٹ کی کاپی |
| بینک مینٹیننس سرٹیفکیٹ/ تین ماہ کا بینک اسٹیٹمنٹ |
| ٹیکسٹائل کی ایکسپورٹ شپمنٹس کا گڈز ڈیکلریشن (GD) بمعہ ادائیگی کی رسید کا سرٹیفکیٹ (PRC) (زیادہ سے زیادہ تین) |
| WEBOC/PSW رجسٹریشن کا ثبوت (سرٹیفکیٹ یا اسکرین شاٹ) |
| حلف نامہ کہ درخواست دہندہ بینک کا نادہندہ یا بلیک لسٹڈ نہیں ہے |
| درخواست دہندہ کی جانب سے فراہم کردہ بزنس پلان (ISU گرانٹ کے ذریعے کتنی ویلیو ایڈیشن، برآمدات اور روزگار پیدا کیا جاسکتا ہے) |

**نئے / ممکنہ برآمد کنندہ درخواست گزار**

| |
|---|
| شناختی کارڈ کی کاپی (درخواست دہندہ پاکستان کا شہری ہو، بشمول آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور نئے ضم شدہ اضلاع) |
| کمپنی/کاروبار کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی کاپی (رجسٹرار آف فرمز، ایف بی آر، ایس ای سی پی، چیمبر/ایکسپورٹ ایسوسی ایشن سے رجسٹریشن) |
| NTN اور STRN سرٹیفکیٹ کی کاپی |
| بینک مینٹیننس سرٹیفکیٹ/ تین ماہ کا بینک اسٹیٹمنٹ |
| WEBOC/PSW رجسٹریشن کا ثبوت (سرٹیفکیٹ یا اسکرین شاٹ) |
| حلف نامہ کہ درخواست دہندہ بینک کا نادہندہ یا بلیک لسٹڈ نہیں ہے |
| درخواست دہندہ کی جانب سے فراہم کردہ بزنس پلان (ISU گرانٹ کے ذریعے کتنی ویلیو ایڈیشن، برآمدات اور روزگار پیدا کیا جاسکتا ہے) |

## ISUs گرانٹ درخواست گزاروں کے لئے قواعد وضوابط اور شرائط

1۔ برآمدات پر مبنی چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) جو ٹیکسٹائل برآمدات اور متعلقہ کاروبار سے وابستہ ہوں اور اپنا کاروبار قائم کرنے، اپ گریڈ کرنے یا توسیع دینے کے خواہشمند ہوں، درج ذیل صورتوں میں اہل ہوں گے:

- **موجودہ ایکسپورٹ کنندہ:** جو پہلے سے ٹیکسٹائل برآمدات میں مصروف ہو، **یا**
- **ممکنہ ایکسپورٹ کنندہ:** جو اپنے موجودہ کاروبار کو برآمدات تک وسعت دینے کا ارادہ/منصوبہ رکھتا ہو، **یا**
- **نئے ایکسپورٹرز:** نیا کاروبار جو ٹیکسٹائل برآمدات کا آغاز کرنا چاہتا ہو، **یا**
- **بالواسطہ ایکسپورٹ کنندہ:** جس کے پاس بڑے برآمد کنندگان سے برآمدی آرڈر موجود ہو۔

2۔ ٹیکسٹائل ایکسپورٹ سے متعلقہ کاروبار میں ریڈی میڈ گارمنٹس، فیشن ملبوسات، ہوزری مینوفیکچررز، نٹ ویئر، بیڈ شیٹس، روایتی ٹیکسٹائل، لیدر گارمنٹس، ڈینم مینوفیکچررز، گلوز مینوفیکچررز، ٹاول مینوفیکچررز، اسپورٹس گڈز اور کینوس مینوفیکچررز شامل ہیں۔

3۔ ''ایکسپورٹ پر مبنی ایس ایم ایز'' کی تعریف کے لئے ایس ایم ای پالیسی 2021 کے تحت دی گئی تعریف، یا اس میں وقتاً فوقتاً کی گئی ترامیم لاگو ہوں گی۔

4۔ پاکستان کے تمام شہری بشمول آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان، ISU گرانٹ کے لئے اہل ہیں۔

5۔ گرانٹس میرٹ پر مبنی معیار کے مطابق دی جائیں گی جن کی منظوری پراجیکٹ اسٹیئرنگ کمیٹی دے گی۔ پراجیکٹ اسٹیئرنگ کمیٹی ''پہلے آیئے، پہلے پایئے'' کی بنیاد پر، کوٹہ سسٹم اور خواتین کی ملکیت والے کاروبار کے لئے خصوصی رعایت پر بھی غور کرسکتی ہے۔

6۔ پراجیکٹ کے تحت مشینری کی لاگت کے لئے گرانٹ فراہم کی جائے گی۔ درخواست دہندہ کی جانب سے مطلوبہ مشینری کی فہرست PPRA قواعد کے تحت پری کوالیفائیڈ سپلائرز کے ساتھ شیئر کی جائے گی۔ گرانٹ درخواست دہندگان کی ضروریات کے مطابق تمام پری کوالیفائیڈ بولی دہندگان کو ریٹ کی درخواست (RFQ) جاری کی جائے گی تاکہ وہ اپنی قیمتوں کی پیشکش جمع کراسکیں۔ ورک آرڈر کوالٹی اور لاگت پر مبنی معیار کے مطابق درخواست دہندہ کی مشاورت سے حتمی شکل دی جائے گی۔

7۔ پراجیکٹ اسٹیئرنگ کمیٹی کی منظوری کے بعد مشینری سپلائر کو درخواست دہندہ کے مقررہ مقام/سائٹ پر مشینری کی تنصیب اور کمیشننگ کے لئے ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔

8۔ مشینری کی کل لاگت کا 60 فیصد (زیادہ سے زیادہ 50 لاکھ روپے تک) پراجیکٹ کی جانب سے تنصیب و رکمیشننگ کے بعد ادا کیا جائے گا جبکہ باقی رقم درخواست دہندہ مشینری سپلائر کو ادا کرے گا۔ درخواست دہندہ اپنی 40 فیصد شراکت کی پے آرڈر (PO) مشینری سپلائر کے حق میں پراجیکٹ کے پاس ورک آرڈر کے اجراء سے قبل جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ مطلوبہ 40 فیصد شراکت جمع نہ کرانے کی صورت میں گرانٹ منسوخ کردی جائے گی۔

9۔ کوئی بھی درخواست دہندہ جو نااہل پایا جائے یا جس کی درخواست نامکمل معلومات کے ساتھ جمع کرائی گئی ہو، اسے ISU پراجیکٹ کے تحت گرانٹ کے لئے زیرغور نہیں لایا جائے گا۔ درخواست کے ساتھ منسلک کسی بھی معاون دستاویز کی تصدیق یا فراہمی میں ناکامی کسی بھی مرحلے پر درخواست کی نااہلی کا باعث بنے گی۔

10۔ درخواست دہندہ صنعتی سلائی مشینری کی تنصیب اور کمیشننگ کے لئے موزوں جگہ کی فراہمی اور تیاری کا خود ذمہ دار ہوگا، جس میں مناسب جگہ، بجلی، روشنی اور تمام مطلوبہ کپڑے/فیبرک مواد کی دستیابی شامل ہے۔

**مَیں اقرار کرتا ہوں کہ مَیں نے اوپر بیان کردہ شرائط وضوابط کو مکمل طور پر پڑھا، سمجھا اور قبول کیا۔ مَیں سمجھتا ہوں کہ مذکورہ بالا شرائط اور قواعد وضوابط کی عدم تعمیل کی صورت میں میرا کیس (Case) مسترد کیا جاسکتا ہے۔**

درخواست گزار کا نام: ____________________

شناختی کارڈ نمبر: ____________________

دستخط: ____________________

## حلف نامہ/ اقرار نامہ

میں بذریعہ ہذا نہایت سنجیدگی اور حلفاً یہ عہد/ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ:

1۔ فراہم کردہ تمام دستاویزات اور معلومات درست، صحیح اور مستند ہیں۔

2۔ مشینری کی مرمت، اپ گریڈیشن اور دیکھ بھال کے تمام اخراجات میں خود برداشت کروں گا/کروں گی۔

3۔ کاروبار کی ناکامی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری خود قبول کروں گا/کروں گی۔

4۔ میں پانچ (5) سال کی مدت تک ہر سہ ماہی کی بنیاد پر اپنے کاروبار کی برآمدی مالیت اور روزگار کی فراہمی سے متعلق معلومات ISU-1000 پراجیکٹ مینجمنٹ کو فراہم کرتا رہوں گا/رہوں گی۔

5۔ میں ISU-1000 پراجیکٹ کے تحت فراہم کردہ مشینری کو مکمل یا جزوی طور پر فروخت، منتقل یا کسی بھی صورت میں تصرف نہیں کروں گا/کروں گی۔

6۔ کسی بھی وجہ سے کاروبار کی ناکامی یا بندش کی صورت میں گرانٹ کے تحت فراہم کردہ مشینری پراجیکٹ کو واپس کی جائے گی، جسے پراجیکٹ کسی دوسرے کاروبار کو فراہم کرسکتا ہے، یا مشینری کی موجودہ مارکیٹ ویلیو کے مطابق قیمت سرکاری خزانے میں جمع کرانا لازم ہوگی۔

7۔ میں ضرورت کے مطابق ISU /سمیڈا/ وزارت صنعت و پیداوار (MoIP) کی ٹیم کے دوروں میں مکمل تعاون فراہم کروں گا/کروں گی۔

درخواست دہندہ کا نام: ____________________

شناختی کارڈ نمبر: ____________________

تاریخ: ____________ دستخط: ____________________